



# خبرنامۂ فوکس

اردو کے طلبہ وطالبات کی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی کا عکاس






## فوکس ہائی اسکول میں عالمی یوم مادری زبان کا انعقاد

## طلبا نے ہندی، اردو اور تلگو زبان میں ڈارمے وترانے پیش کیے

۲۱ فروری ۲۰۱۹ء کو فوکس ہائی اسکول دار الشفاء میں یوم عالمی مادری زبان کا انعقاد عمل میں آیا۔ ہندی ترانے سے پروگرام کا آغاز عمل میں آیا۔ مختلف مادری زبان بولنے والے طلبا نے اپنی مادری زبان میں اپنا مختصر تعارف پیش کیا، طلبا نے جن زبانوں میں اپنا تعارف پیش کیا ان میں اردو، ہندی، تلگو، فارسی، تمل، گجراتی اور چینی زبان شامل ہے۔ اس موقع پر طلبا روایتی لباس زیب تن کیے ہوئے تھے۔ بعد ازاں طلبا نے تلگو اور پھر اردو زبان میں ترانے ہدیہ سماعت کیے۔ ہندی زبان میں پھلیاں، تقریر، تلگو اور اردو میں ڈارمے پیش کیے۔ طلبا نے اردو، ہندی اور تلگو میں نظامت کے فرائض انجام دیے۔ آخر میں نائب صدر مدرس عالی جناب غوث احمد صاحب نے ہندی، تلگو اور اردو زبان میں تقریر فرمائی اور اساتذہ کا شکریہ ادا کیا اور طلبا کی حوصلہ افزائی فرمائی۔


















### فوکس ہائی اسکول




## دوست



**محمد اسحاق علی خان، جماعت ہفتم اے**

دوست ایک نعمت ہے۔ جو سب لوگ کو ملتی ہے۔ کچھ لوگ تو اپنے دوست کو اپنا رشتے دار مان لیتے ہیں۔ اچھے دوست تو ہمیشہ اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں۔ ہماری خوشی میں خوش اور غم میں غم زدہ ہوتے ہیں۔ ہم کو اپنی دوستی ایمانداری سے نبھانی چاہیے۔

